08اکتوبر2017ء

اسٹیٹ بینک کا کاروباری اعتماد کا سروے (ٹیلی فونک)

بینک دولت پاکستان، پاکستان کے زری اور قرضہ نظام کی ضابطہ کاری کرتا ہے اور بہترین قومی مفاد میں زری استحکام کے حصول اور ملک کے پیداواری وسائل کے مکمل استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کی معاشی نمو کو فروغ دینے کے لیے کوشاں رہتا ہے۔ دنیا کے دیگر کئی مرکزی بینکوں کی طرح اسٹیٹ بینک بھی اپنی زری پالیسی کی تشکیل کے عمل کے ایک حصے کے طور پر موجودہ اور متوقع معاشی حالات کے متعلق عوام اور فرموں کے خیالات کا جائزہ لینے کی کوشش کرتا ہے۔

اس مقصد کے لیے اسٹیٹ بینک پہلے ہی گھرانوں (اعتمادِ صارف سروے) کا ٹیلی فونک سروے کررہا ہے جنہیں ملک بھر سے random بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے۔ یہ سروے ہر دو مہینے بعد منعقد کیا جاتا ہے اور اس میں معیشت کے بارے میں "لوگ کیا سوچ رہے ہیں"، کے بارے میں معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ اعتمادِ صارف سروے کے نتائج اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ کے اس لنک پر دستیاب ہیں: http://dsqx.sbp.org.pk/ccs/index.php

اپنے اہم اسٹیک ہولڈرز سے معلومات کے حصول کے اسی فریضے کے تسلسل کے طور پر اسٹیٹ بینک اب ملک میں موجودہ اور متوقع کاروباری حالات کے بارے میں مختلف فرموں کی رائے جاننے کی منصوبہ بندی کررہا ہے۔ کاروباری اعتماد کا سروے (Business Confidence Survey) ایک ٹیلی فونک سروے ہوگا جس کا دورانیہ 7تا10 منٹ ہوگا اور اس میں شرکت کرنے والی فرموں کے سینئر ایگزیکٹوز کو مختصر سوالوں کے جواب دینا ہوں گے۔ یہ سروے اکتوبر 2017ء کے دوران پورے ملک میں کیا جائے گا اور میعادی بنیاد پر اس کا اعادہ کیا جائے گا۔ سروے سے حاصل شدہ معلومات کو صیغۂ راز میں رکھا جائے گا اور کسی شخص یا ادارے کو فراہم نہیں کی جائے گی۔ معاشی صورت حالِ سے متعلق یہ معلومات تحقیق کے علاوہ کسی اور مقصد کے لیے استعمال نہیں کی جائی گی۔ یہ سروے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈ منسٹریشن کراچی کے اشتراک سے منعقد کیا جارہا ہے۔

اسٹیٹ بینک مختلف علاقوں میں کام کرنے والی تمام فرموں اور شعبوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ بہترین قومی مفاد کے پیشِ نظر اس سروے میں شمولیت اختیار کریں۔

کسی قسم کی وضاحت یا معلومات کے حصول کے لیے براہِ کرم درج ذیل پتے پر رابطہ کریں:

ڈائریکٹر شعبہ تحقیق، بینک دولت پاکستان، آٹھویں منزل، مین بلڈنگ آئی آئی چندریگر روڈ کراچی۔ فون نمبر: 021-99221161 : فیکس: 021-99221299

آپ ہمیں اس پتے پر ای میل بھی بھیج سکتے ہیں: Sbp.surveys@sbp.org.pk

****